## خودکش بم دھماکےاوردہشت گردی کرنے والے سفاک دہشت گردملک کوعدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں،الطاف حسین

## مہمندایجنسی کی تحصیل غلنئی میں خودکش بم دھماکوں میں متعدد افراد کی شہادت اورزخمی ہونے پراظہارافسوس

لندن۔۔۔6دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مہمندایجنسی کی تحصیل غلنئی میں پولیٹیکل انتظامیہ کے دفتر کےقریب خودکش بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوردہشت گردی کی ان سفاکانہ کارروائیوں میں متعددمعصوم افراد کی شہادت اورزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ خودکش بم دھماکےاوردہشت گردی کرنے والے سفاک دہشت گردملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اورملک کوعدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام سفاک دہشت گردوں کے خلاف متحداورصف آراء ہیں اوریہی وجہ ہے کہ دہشت گرد بم دھماکوں اوردہشت گردوں کی سفاکانہ اور بزدلانہ کارروائیوں کے باوجود مسلح افواج، سیکورٹی فورسز،قانون نافذ کرنے والےاداروں اورعوام کے حوصلوں کو پست نہیں کرسکےاورآج بھی دہشت گردی کے خلاف ملک بھر کےعوام کے حوصلے بلند ہیں۔انہوں نے خودکش بم دھماکوں میں شہید ہونے والے تمام افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورزخمیوں کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ مہمندایجنسی کی تحصیل غلنئی میں پولیٹیکل انتظامیہ کے دفتر کےقریب خودکش بم دھماکوں کا نوٹس لیا جائے،اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کوفی الفور گرفتار کیا جائے اوردہشت گردی کی کارروائیوں سے عوامی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید مئوثر،ٹھوس اورعملی اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

☆☆☆☆☆